## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 6th August, 2024 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat*, *Hadith*, *Naat* and national anthem.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**2. SYED RAFIULLAH MS. SEHAR KAMRAN** to invite attention of the Minister for Interior to a matter of urgent public importance regarding inordinate delay in issuance of passports, causing grave concern amongst the public.

### INTRODUCTION OF BILLS

**3. DR. MAHREEN RAZZAQ BHUTTO** to move for leave to introduce a Bill to make provisions to specifically criminalize acid and burn related violence by providing fair and speedy trial of such heinous offence and for matters connected therewith and incidental thereto [The Acid and Burn Crime Bill, 2024].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. MR. NAVEED AAMIR** to move for leave to introduce a Bill further to amend the National Commission on the Rights of Child Act, 2017 [The National Commission on the Rights of Child (Amendment) Bill, 2024].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to restrain the solemnization of child marriages in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Child Marriage Restraint Bill, 2024].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9. MR. KESOO MAL KHEAL DAS** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of RAVI Institute (RI) Sahiwal [The RAVI Institute (RI) Sahiwal Bill, 2024].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

### REPORT OF THE STANDING COMMITTEE-PRESENTATION OF:

**11. RANA IRADAT SHARIF KHAN**, Chairman Standing Committee on Parliamentary Affairs to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024].

### MOTION

**12. MR. BILAL AZHAR KAYANI** to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the Elections (Second Amendment) Bill, 2024.

## LEGISLATIVE BUSINESS

**13. MR. BILAL AZHAR KAYANI** to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**14. MR. BILAL AZHAR KAYANI** to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Second Amendment) Bill, 2024], be passed.

## AMENDMENTS TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**15. SYED NAVEED QAMAR** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 122 of the Rules of Procedure**.- that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 122, the expression ",other than a Finance Bill", appearing in the second line, shall be omitted; and thereafter the following proviso shall be inserted:-

> Provided that the report of the Committee examining the Finance Bill shall be laid in the House within fifteen days of the introduction of Bill."

**16. SYED NAVEED QAMAR** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**17. SYED NAVEED QAMAR** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

**18. SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**(1) Amendment in Rule 70 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in rule 70, in the proviso, for the expression "during a current session up to one day before the prorogation thereof", with expression "till the day of prorogation", shall be substituted.

**(2) Amendment in Rule 73 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in rule 73, in the proviso, for the expression "current", the expression " next to", shall be substituted.

**(3) Amendment in Rule 250 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in rule 250, for the second and third provisos the following shall be substituted, namely:-

"Provided further that this rule shall not apply if there is an intervening period of fifteen days or less between the last sitting of the Assembly in one session and the date appointed for the first sitting of the next session:

Provided also that notice of a question given for the next session shall lapse on the prorogation of the next session."

**19. SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**20. SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**21. SAHIBZADA SIBGHATULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to revise the agreements with independent Power Producers (IPPs) to address the detrimental effects on the people of Pakistan."

**22. MS. NIKHAT SHAKEEL KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take steps to reduce the expenses of Hajj."

**23. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to establish Software Technology Parks all over the country in order to promote IT business among our youth."

**24. MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA MR. HASSAAN SABIR MR. FARHAN CHISHTI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should provide medical, mobile and motorcycle insurance to motorcyclists like riders of Food panda and Bykea etc, who deliver food and daily use items, through State Life insurance and in this regard all expenses should be borne by the Government of Pakistan."

**25. JAM ABDUL KARIM BIJAR** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to carry out an audit of the Pakistan Nursing Council, particularly with reference to the registration of nursing institutions, during the past five years."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**26. MS. AASIA ISHAQUE SIDDIQUI**
**MR. ARSHAD ABDULLAH VOHRA**
**MR. HASSAN SABIR** to move the following motion:-

> "This House may discuss the performance of Electricity distribution companies, especially K-electric."

**27. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

> "This House may discuss the soaring circular debt in petroleum sector."

## DISCUSSION ON A MATTER OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**28. MR. ALI MUHAMMAD MR. SHER ALI ARBAB MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to discuss a matter of urgent public importance regarding Point of Sale (POS) service fee without any legal authority by exceeding the authority of FBR and misappropriation and unauthorized use of such collected amount by FBR officials without any transparency and audit.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**29.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## INTRODUCTION OF GOVERNMENT BILL

**30. SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior to introduce a Bill further to amend the Islamabad Capital Territory Local Government Act, 2015 [The Islamabad Capital Territory Local Government (Amendment) Bill, 2024].

## CALLING ATTENTION NOTICE

**31. MS. AYESHA NAZIR** **MR. SHER ALI ARBAB** to invite attention of the Minister for Interior to a matter of urgent public importance regarding increase in the prices of food essentials especially packaged milk in Islamabad, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**5th August, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۶/اگست، ۲۰۲۴ء کو صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

1۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

2۔ **سید رفیع اللہ محترمہ سحر کامران** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو پاسپورٹ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

3۔ **ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو** تحریک پیش کریں گی کہ تیزاب اور آگ سے جلانے سے متعلق تشدد جیسے گھناؤنے جرم کی شفاف اور فوری سماعت کے ذریعے اسے خاص طور پر جرم قرار دینے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کی بابت احکامات وضع کرنے کا بل [تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

4۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

5۔ **جناب نوید عامر** تحریک پیش کریں گے کہ قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [قومی کمیشن برائے حقوق بچگان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

6۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

7۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں بچوں کی شادیوں پر پابندی عائد کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بچوں کی شادی کا امتناع بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

8۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

9۔ **جناب کیسومل کھیل داس** تحریک پیش کریں گے کہ راوی انسٹیٹیوٹ (آر آئی) ساہیوال کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [راوی انسٹیٹیوٹ (آر آئی) ساہیوال بل، ۲۰۲۴ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

10۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

11۔ **رانا ارادت شریف خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [انتخابات (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

12۔ **جناب بلال اظہر کیانی** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ انتخابات (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۴ء زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

## قانون سازی

13۔ **جناب بلال اظہر کیانی** تحریک پیش کریں گے کہ انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انتخابات (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

14۔ **جناب بلال اظہر کیانی** تحریک پیش کریں گے کہ انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انتخابات (دوسری ترمیم) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

**قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم**

15۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۲۲ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۱۲۲ میں، دوسری سطر میں آنے والی عبارت ''مالیاتی بل کے علاوہ'' حذف کر دی جائے گی اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ مالیاتی بل کا جائزہ لینے والی کمیٹی کی رپورٹ بل پیش کرنے کے پندرہ دن کے اندر ایوان میں پیش کی جائے گی۔''

16۔ **سید نوید قمر** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

17۔ **سید نوید قمر** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

18۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

(۱) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۷۰ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۷۰ میں، جملہ شرطیہ میں عبارت ''موجودہ اجلاس کے دوران اسے برخاست کئے جانے سے ایک دن قبل تک'' کو عبارت '' برخاست کئے جانے کے دن تک'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۲) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۳۷ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۳۷ میں، جملہ شرطیہ میں عبارت ''موجودہ'' کو عبارت '' آئندہ'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۳) **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۵۰ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۲۵۰ میں، دوسرے اور تیسرے جملہ شرطیہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مزید شرط یہ ہے کہ اگر قومی اسمبلی کے ایک اجلاس کے آخری دن کے اجلاس اور آئندہ اجلاس کے پہلے دن کے اجلاس کے لیے مقرر کردہ تاریخ کے درمیان پندرہ دن یا اس سے کم دورانیہ حائل ہو تو اس قاعدے کا اطلاق نہیں ہو گا:

مگر شرط یہ بھی ہے کہ آئندہ اجلاس کے لئے دیا گیا سوال کا نوٹس آئندہ اجلاس کے برخاست ہونے پر سوخت ہو جائے گا۔

19۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

20۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

**قراردادیں**

21۔ **صاحبزادہ صبغت اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

'' اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت آزاد پاور پروڈیوسرز (آئی پی پی ز) کے ساتھ کیے گئے معاہدوں پر نظر ثانی کرنے کے لیے فوری اقدامات کرے تاکہ پاکستان کے عوام پر پڑنے والے ان کے منفی اثرات کا تدارک کیا جائے۔''

22۔ **محترمہ نکہت شکیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت حج کے اخراجات میں کمی کرنے کے لیے اقدامات کرے۔"

23۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

" اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ہمارے نوجوانوں میں آئی ٹی بزنس کے فروغ کے لئے ملک بھر میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارکس کے قیام کی بابت فوری اقدامات کرے۔ "

24۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** **جناب حسان صابر** **جناب فرحان چشتی** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

" اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت موٹر سائیکل سواروں، جیسے فوڈ پانڈا اور بائیکیا کے رائیڈز وغیرہ جو روزمرہ کی اشیاء اور اشیائے خوردونوش کی ڈیلیوری کرتے ہیں، کو اسٹیٹ لائف کے ذریعے میڈیکل، موبائل اور موٹر سائیکل کی انشورنس فراہم کرے اور اس ضمن میں تمام اخراجات حکومت برداشت کرے۔"

25۔ **جام عبدالکریم بجار** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان نرسنگ کونسل کا بالخصوص گزشتہ پانچ سالوں کے دوران نرسنگ اداروں کی رجسٹریشن کے حوالے سے آڈٹ کرانے کے لیے فوری اقدامات کرے۔"

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

26۔ **محترمہ آسیہ اسحاق صدیقی** **جناب ارشد عبداللہ وہرہ** **جناب حسان صابر** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے۔

"یہ ایوان بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں بالخصوص کے۔الیکٹرک کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

27۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے۔

"یہ ایوان پیٹرولیم کے شعبہ میں تیزی سے بڑھتے ہوئے گردشی قرضہ پر بحث کرے۔"

## قاعدہ ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث

28۔ **جناب علی محمد** **جناب شیر علی ارباب** **جناب محمد مبین عارف** ایف بی آر کے اختیار سے تجاوز کرتے ہوئے اور بغیر کسی قانونی اختیار کے پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) سروس فیس لینے اور ایف بی آر کے اہلکاروں کی جانب سے شفافیت اور آڈٹ کے بغیر ایسی وصول شدہ رقم میں خورد برد کرنے اور اس کے غیر مجاز استعمال سے متعلق فوری اہمیت کے معاملہ پر بحث کریں گے۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

29۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۰۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت ایکٹ، ۲۰۱۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد مقامی حکومت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کریں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۱۔ **محترمہ عائشہ نذیر** **جناب شیر علی ارباب** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو اسلام آباد میں اشیائے ضروریہ بالخصوص ڈبہ بند دودھ کی قیمتوں میں اضافہ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**

**طاہر حسین**

**سیکرٹری جنرل**

**۵/اگست، ۲۰۲۴ء۔**